COVID-19 VACCINATION

LET'S DO THIS – Urdu

NSW GOVERNMENT

(5 سے 11 سال عمر کے) بچوں کے لیے COVID-19 ویکسینیشن

ابھی بکنگ کریں

5 سے 11 سالہ بچوں کو COVID-19 کی ویکسین کیوں لگوانی چاہیے؟

COVID-19 ایک ایسا وائرس ہے جو شدید بیماری اور موت کے علاوہ صحت کے طویل المدت مسائل کا سبب بھی بن سکتا ہے۔ یہ بہت آسانی سے لوگوں کے درمیان پھیل سکتا ہے اور کبھی کبھار اس کی علامات بہت کم ہوتی ہیں یا بالکل علامات نہیں ہوتیں جس کی وجہ سے آپ سے دوسروں کو یہ وائرس لگنے سے پہلے آپ کے انفیکشن کا علم ہونا مشکل ہو سکتا ہے۔

اگرچہ بچوں میں COVID-19 انفیکشن اکثر بڑوں کی نسبت ہلکا ہوتا ہے، بچوں کو ویکسین لگانے کے حق میں کچھ اہم وجوہ موجود ہیں:

- ویکسینز سے مدافعتی نظام کو مدد ملتی ہے۔ اپنے بچے کو ویکسین لگوا کر آپ اسے COVID-19 کی شدید بیماری اور ممکنہ طویل المدت اثرات سے محفوظ رہنے میں مدد دے رہے ہیں۔
- ویکسینیشن سے بیماری کا پھیلاؤ کم ہوتا ہے جس سے ہر عمر کے نازک صورتحال رکھنے والے لوگوں سمیت ہمارے دوستوں، افراد خانہ اور کمیونٹی کو محفوظ رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے۔
- ویکسینیشن سے بچوں کی سکولوں میں حاضری اور ان سماجی سرگرمیوں میں شرکت جاری رکھنے میں بھی مدد ملتی ہے جو بچوں کے سیکھنے اور نشوونما کے لیے اہم ہیں۔

دنیا بھر میں پہلے ہی کئی ملین بچوں کو بحفاظت COVID-19 ویکسین لگ چکی ہے۔ شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ ویکسینیشن سے بچوں کو COVID-19 کی شدید بیماری کے خلاف بہترین بچاؤ میسّر آتا ہے اور آپ کے گھرانے کو محفوظ اور صحتمند رہنے میں مدد ملتی ہے۔

کیا بچوں کو بڑوں والی ویکسینز اور ڈوزیں ہی لگنی چاہیئں؟

نہیں۔ 5 سے 11 سال عمر کے بچوں کے لیے Pfizer (Comirnaty) بچوں کی ویکسین کی ایک خاص ڈوز منظور کی گئی ہے اور 8 ہفتوں کے وقفے سے دو ڈوزیں دی جاتی ہیں۔

5 سے 11 سال عمر کے بچوں کے لیے Pfizer ویکسین کی ڈوز اس ڈوز کا تقریباً ایک تہائی ہے جو 12 سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کو دی جاتی ہے۔ اس عمر کے لیے چھوٹی ڈوز استعمال کی جاتی ہے کیونکہ یہ بچوں میں اسی بلند حد تک تحفظ فراہم کر سکتی ہے جو 12 سال اور اس سے زیادہ عمر کے لوگوں کو دی جانے والی بڑی ڈوز ان کے لیے فراہم کرتی ہے۔

کیا بچوں کے لیے بھی بڑوں والے ضمنی اثرات ہیں؟

ہاں۔ بچوں کو COVID-19 ویکسین لگنے کے بعد وہی عام ضمنی اثرات پیش آ سکتے ہیں جو بڑوں کو پیش آ سکتے ہیں۔

یہ ضمنی اثرات بالعموم ہلکے ہوتے ہیں اور ایک سے دو دن میں دور ہو جاتے ہیں اور ان میں یہ اثرات شامل ہو سکتے ہیں:

- سر میں درد
- بخار اور کپکپی
- تھکن
- پٹھوں میں درد اور انجیکشن کی جگہ پر بازو دکھنا

معمولی ضمنی اثرات نارمل ہیں اور ان سے پتہ چلتا ہے کہ مدافعتی نظام ویکسین پر ردّعمل کر رہا ہے۔ ویکسین کے زیادہ سنگین ضمنی اثرات بہت شاذونادر ہیں، جبکہ خود COVID-19 لگنے سے انہی ضمنی اثرات کا خطرہ کہیں زیادہ ہوتا ہے۔ اگر ضمنی اثرات برقرار رہیں یا آپ کو تشویش ہو تو اپنے جی پی سے بات کریں۔

© NSW Ministry of Health December 2021

< آج ہی nsw.gov.au پر COVID-19 ویکسینیشن کی بکنگ کریں

کیا کسی سنگین ضمنی اثر کے خطرے کا مطلب یہ ہے کہ مجھے اپنے بچے کو ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟

نہیں۔ آسٹریلیا میں استعمال ہونے والی تمام COVID-19 ویکسینز حفاظت کے حوالے سے اچھا پروفائل رکھتی ہیں اور ان کی منظوری اور ان کا استعمال تجویز کرنے سے پہلے Therapeutic Goods Administration (TGA) اور آسٹریلین ٹیکنیکل ایڈوائزری گروپ آن امیونائزیشن (ATAGI) نے ان کی کڑی ٹیسٹنگ اور جانچ کی ہے۔

اب تک امریکا میں 5 سے 11 سال کے 5 ملین سے زیادہ بچوں اور دنیا بھر میں اس سے بھی کئی ملین زیادہ تعداد میں اس عمر کے بچوں کو بحفاظت COVID-19 ویکسین لگ چکی ہے۔

کیا COVID-19 ویکسینیشن سے میرے بچے کی بڑھوتری، نشوونما یا مستقبل میں اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت پر اثر پڑے گا؟

نہیں۔ ایسے کوئی شواہد نہیں ہیں کہ COVID-19 ویکسین سے بچے کی بڑھوتری اور نشوونما پر اثر پڑ سکتا ہے۔

COVID-19 کے طویل المدت اثرات سے صحت اور فلاح پر دائمی اثر پڑ سکتا ہے۔ وائرس لگنے سے پیچیدگیوں کا خطرہ ویکسینیشن کے بالعموم ہلکے اثرات کی نسبت کہیں زیادہ ہے۔

اگر میرے بچے کو پہلے ہی COVID-19 ہو چکا ہو تو کیا اسے ویکسین لگنی چاہیے؟

ہاں۔ جن بچوں کو COVID-19 ہو چکا ہے، ان کے بیماری سے صحتیاب ہونے کے بعد انہیں ویکسین لگنی چاہیے تاکہ انہیں دوبارہ انفیکشن سے محفوظ رہنے میں مدد ملے۔

کیا بچوں کو میری رضامندی کے بغیر ویکسین لگائی جا سکتی ہے؟

نہیں۔ 5 سے 11 سال عمر کے بچوں کو COVID-19 ویکسین لگنے کے لیے والد، والدہ یا قانونی سرپرست کی رضامندی درکار ہے۔

بکنگ کے وقت اور پھر اپائنٹمنٹ پر، رضامندی طلب کی جاتی ہے۔ اگر والد، والدہ یا سرپرست بچے کے ساتھ اپائنٹمنٹ پر نہ آ سکتے ہوں تو وہ بکنگ کے سلسلے میں آن لائن رضامندی مکمل کرتے ہوئے کسی اور بڑے کو اپنی جگہ اپائنٹمنٹ پر جانے کے لیے نامزد کر سکتے ہیں۔

بچے کے ساتھ آنے والے نامزد بالغ کی تفصیلات بکنگ کے دوران فراہم کرنا ضروری ہے تاکہ اپائنٹمنٹ کے دن اس بالغ کی شناخت اور اسے کسی اور کی جگہ رضامندی دینے کی اجازت حاصل ہونے کی تصدیق کی جا سکے۔

رضامندی کے متعلق مزید تفصیلات کے لیے دیکھیں: والدین اور سرپرستوں کے لیے ویکسینیشن کی رضامندی سے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات (Vaccination consent FAQs for parents and guardians)

کیا (سکول اور کھیلوں وغیرہ کے مقصد سمیت) بچوں کے لیے COVID-19 ویکسینیشن لازمی ہے؟

نہیں۔ COVID-19 ویکسینیشن لازمی نہیں ہے لیکن اس کے لیے پرزور حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ سکول میں حاضری یا کمیونٹی کھیلوں میں شرکت کے لیے ایسا کوئی تقاضا نہیں ہے کہ بچوں کو COVID-19 ویکسین لگ چکی ہو۔

کیا میرے بچے کو بوسٹر ویکسین لگ سکتی ہے؟

نہیں۔ پرائمری ویکسینیشن کورس سے کم عمر لوگوں میں طاقتور مدافعتی اثر پیدا ہوتا ہے۔

ATAGI غور کرے گا کہ آیا عمر کے اس گروہ کے لیے مستقبل میں بوسٹر ڈوز کی ضرورت ہو گی۔

کیا میرے بچے کو سکول میں COVID-19 ویکسین لگائی جائے گی؟

نہیں۔ اپنے بچے کی COVID-19 ویکسینیشن کی بکنگ اپنے جی پی، مقامی فارمیسی، ایبوریجنل کمیونٹی کنٹرولڈ ہیلتھ سروس یا کسی NSW Health ویکسینیشن کلینک کے ذریعے کریں۔

میں بکنگ کیسے کروں؟

والدین کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ اپنے بچے کے لیے جلد از جلد ویکسینیشن اپائنٹمنٹ بک کریں۔

ابھی آن لائن بکنگ کریں - www.nsw.gov.au/COVID-19/vaccination/get-vaccinated

بکنگ کے لیے کال کریں: بکنگ ہیلپ لائن: 55 11 57 1800 / تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (TIS): 450 131

© NSW Ministry of Health December 2021

> آج ہی COVID-19 پر nsw.gov.au ویکسینیشن کی بکنگ کریں